QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 17

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 17 جولائی 2026ء۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کیلئے کھمبوں کی تنصیب اور برقی لائنوں کی شفٹنگ کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 18 جولائی (بروز ہفتہ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے جناح ٹاون، بروری، ملک پلانٹ، جی او آر کالونی فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند رہیگی۔اسی طرح 19 جولائی کو (بروز اتوار) مری آباد گرڈ اسٹیشن کے گلستان روڈ، حالی روڈ، سٹی فیڈرز جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ کے اسٹیڈیم اور آریا ہسپتال فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک نیز اُسی روز شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv جبل نور، خروٹ آباد، تکاتو، ویسٹرن بائی پاس، داریم، ادیان، دوستین، پی اے ایف، اولڈ سمنگلی، انٹرکنیکٹر فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند ہوگی۔اسکے علاوہ 20 جولائی کو (بروز پیر) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv سریاب ون، سریاب ٹو، کرانی، ہزارہ ٹاون، اے ون سٹی، خیر بخش مری، جائنٹ روڈ، اولڈ لیاقت بازار، غازی، واسا اور اولڈ سیٹلائٹ ٹاون فیڈرز جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے نواں کلی، مالک فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک نیز اُسی روز زرغون گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ، ایف سی ٹروپس، عسکری ون فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔

علاوہ ازیں مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر ضروری مرمت اور ٹیسٹنگ کے کام کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 19 جولائی کو (بروز اتوار) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv پی اے ایف، تکاتو، عمر، گارڈن ٹاون، ادیان، ٹی پی ایس کالونی، اغبر گ، جبل نور، آریا ہسپتال، کمپوٹر ٹریننگ، خروٹ آباد، ریگی، ایگری کلچر کالج، بلیلی، واپڈا ہسپتال فیڈروں سے صبح 7 بجے سے دن 11 بجے تک بجلی بند ہوگی نیز اُسی روز سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv لیاقت بازار، چلتن، سمنگلی ایکسپریس، جان محمد روڈ، سریاب ٹو، دلدار کاریز، نیو جان محمد روڈ فیڈروں سے صبح 9 بجے سے دن ایک بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔

###